| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حسنِ معاملات |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے معنی و مفہوم جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ سچ بولتے اور دوسروں کو بھی سچ بولنے کی تعلیم فرماتے۔ طلبہ کو صداقت، امانت اور حسنِ معاملات آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ صداقت کے معنی سچائی کے ہیں یعنی جو بات جیسے ہو، اُس کو اُسی طرح بیان کرنا، امانت کا مطلب ہے کہ اگر کوئی شخص ہمارے پاس کوئی چیز رکھوائے تو اس کو اُسی حالت میں واپس کرنا جبکہ زندگی کے تمام معاملات کو سچائی اور دیانت داری سے سرانجام دینا حسنِ معاملات کہلاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۴ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اس دُنیا کے بہترین انسان ہیں۔

- آج ہم نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے اعلیٰ اخلاق کے بارے میں پڑھیں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کسی نے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے اخلاق کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے فرمایا کیا تم نے قرآن نہیں پڑھا، جو کچھ قرآن میں ہے وہی نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے اخلاق ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ہمیں زندگی کے ہر معاملے میں سیدھا راستا دکھایا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ سچ بولنے والے، امانت لوٹانے والے، نیکیوں میں پہل کرنے والے تھے۔
- انھیں بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ نے ایک اللہ کی عبادت کرنے، آپس میں محبت و شفقت کا معاملہ کرنے کی ترغیب دلائی اور فرمایا کبھی بھی اپنی ذات کے لیے کسی کو تنگ نہ کرو اور امانت کی حفاظت کرو۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صداقت | صَ۔ دا۔ قَت | سچائی |
| بیان کرنا | بَ۔ یان | بات کرنا، اظہار کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق تصور کا مختصراً اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے صداقت، امانت کا مفہوم پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) طلبہ سے پوچھیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

حضور اکرم خاتم النبیین ﷺ کی صداقت کے حوالے سے کمرا جماعت میں مذاکرہ منعقد کروایا جائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:2 |
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:4 | تاریخ:_____ | وقت:40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حسنِ معاملات |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کر سکیں اور دُنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمات کے بارے میں بتائیں۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے لوگوں کو نیکی اور سچائی کے راستے کی طرف بلایا۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۴ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر صداقت کا لفظ اور مفہوم لکھیں۔

"صداقت کا مطلب ہے سچائی۔"

- طلبہ کو نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی صداقت کا مطلب سمجھائیں۔ اس سے مراد ہے کہ جو بات جیسی ہو اس کو اسی طرح بیان کیا جائے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ سچ بولتے اور دوسروں کو بھی سچ بولنے کی تعلیم فرماتے۔
- طلبہ کو قرآن و سنّت کی روشنی میں سچ کی اہمیت بتائیں۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: سچ نیکی اور اچھائی کے راستے پر لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ (صحیح مسلم: ۶۶۳۷)
- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی صادق کے لقب سے مشہور تھے۔ مکہ مکرمہ کے سب لوگ جانتے تھے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ سچ بات کہتے ہیں۔
- سچ مومن کی پہچان ہے اور سچ انسان کے اندر کی تمام برائیوں کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکتا ہے۔ طلبہ کو تاکید کریں کہ وہ سنّتِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کو اپنائیں اور ہمیشہ سچ بولیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صفت | صِ۔ فَت | عادت، خوبی |
| لقب | لَ۔ قَب | اعزازی نام، وہ نام جس سے کسی شخص کی خصوصیت کا پتہ چلے۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے صداقت کا مفہوم پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اپنی ذاتی زندگی سے سچ بولنے کے واقعات کمرا جماعت میں سنائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: سوم | دوسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت اور حُسنِ معاملات | باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کر سکیں اور دُنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ امانت و دیانت میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کی امانت و دیانت کی وجہ سے مکہ مکرمہ کے لوگ آپ خاتم النبیین ﷺ کو "امین" کے لقب سے پُکارتے تھے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۵ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو امانت کا مطلب سمجھائیں۔ امانت کا مطلب ہے کہ "اگر کوئی شخص ہمارے پاس کوئی چیز رکھوائے تو وہ اُسی حالت میں واپس کی جائے، اپنی ذمہ داری کو بھی صحیح طریقے سے نبھانا" امانت کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو مزید بتائیں امانت رکھنے والا، امانت کی حفاظت اور واپسی کا پابند ہوتا ہے۔
- انھیں قرآن و سنّت کی روشنی میں امانت کی حفاظت اور اسے لوٹانے کی اہمیت بتائیں۔

- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ترجمہ: تو امانت دار کو چاہیے کہ صاحبِ امانت کی امانت اُس کو واپس کردے۔ (سورۃ البقرہ: ۲۸۳)
- امانت داری کو اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی صفات میں سے ایک صفت قرار دیا ہے۔ یعنی امانت کی حفاظت کرنا اور مالک کو اُسی طرح واپس کرنا ایمان کی نشانی ہے۔

نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا:

جس شخص میں امانت داری نہیں وہ (سچا) صاحبِ ایمان نہیں ہو سکتا۔ (مسند احمد، حدیث: ۵۱۴۰)

- طلبہ کو بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ نے خود بھی ساری زندگی امانت داری میں گزاری اور لوگوں کو بھی اس کی تاکید کی۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| کمی بیشی | کمی۔ بیشی | کم یا زیادہ کرنا |
| سپرد کرنا | سُ۔ پُرد۔ کرنا | حوالے کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (۱) کا سوال (۲) کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: کیا آپ روزمرّہ زندگی میں دیانت داری سے کام لیتے ہیں؟